© rasailojaraid.com



ادارہ

## مسافرانِ آخرت

● **شیخ محمد انور مرحوم:** جمعیت علماء اسلام ضلع ملتان کے امیر جناب شیخ محمد انور ۲۳؍ اکتوبر ۲۰۱۴ء کو ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی مخلص اور ایثار پیشہ کارکن تھے۔ اکابر علماء کی خدمت اور مہمان نوازی میں اپنی مثال آپ تھے۔ وہ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے امیر شیخ نذیر احمد صاحب کے ماموں زاد بھائی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ قائد احرار ابنِ امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ نے ۲۳؍ اکتوبر جمعرات بعد نمازِ مغرب تبلیغی مرکز ابدالی مسجد ملتان میں پڑھائی۔ مدارس کے علماء، طلباء اور دینی و سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

● معروف روحانی شخصیت حضرت حافظ محمد موسیٰ نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ، مولانا قاری محمد یعقوب نقشبندی رحمہ اللہ کی والدہ ماجدہ اور محمد ابوبکر یوسف نقشبندی، عمر زکریا نقشبندی کی دادی صاحبہ ۲۲؍ ستمبر ۲۰۱۴ء کو جلال پور پیر والہ میں انتقال کر گئیں۔

● مجلس احرارِ اسلام بورے والہ کے ناظم محمد نوید طاہر کی خالہ ۲۶؍ ستمبر جمعۃ المبارک کو انتقال کر گئیں۔

● کمالیہ میں بابائے احرار بابا غلام فرید کے بھتیجے اور داماد محمد صدیق ۹؍ اکتوبر کو انتقال فرما گئے۔

● کمالیہ میں بھائی عبدالکریم قمر کے پھوپھی زاد بھائی ۱۳؍ اکتوبر کو انتقال فرما گئے۔

● دارالعلوم ختمِ نبوت چیچہ وطنی کے سابق طالب علم غلام مصطفیٰ کی والدہ ماجدہ ۱۹؍ اکتوبر کو انتقال فرما گئیں، ۲۰؍ اکتوبر کو چک نمبر 32-12 ایل میں نماز جنازہ کے بعد تدفین ہوئی، حضرت قاری محمد قاسم اور حافظ حبیب اللہ رشیدی نے بھی نماز جنازہ میں شرکت کی۔

● رانا محمد فیض یاب خاں مرحوم کی اہلیہ ۲۲؍ اکتوبر کو انتقال فرما گئیں نماز جنازہ جامع مسجد بلاک ۱۲ چیچہ وطنی میں ادا کی گئی۔

● حافظ محمد اشرف (فاضل مدینہ یونیورسٹی) چیچہ وطنی کی اہلیہ اور محمد اجمل اور حافظ محمد امجد کی والدہ ماجدہ ۲۵؍ اکتوبر کو انتقال کر گئیں۔

● **حافظ نوید ارشد مرحوم:** جمعیت علمائے اسلام (س) سے وابستہ، خوش فکر، متحرک اور فعال نوجوان، دارِ بنی ہاشم ملتان میں منعقدہ ختمِ نبوّت کورس میں شریک ہوئے اور امتحان میں اوّل آئے۔ اس سال شعبان میں جامعہ قدوسیہ لاہور میں اعلیٰ پیمانے پر لیڈر شپ مینجمنٹ کورس کا انعقاد کیا۔ جناب عبداللطیف خالد چیمہ کو بھی مدعو کیا۔ کچھ عرصہ ہفت روزہ خدام الدین سے وابستہ رہے۔ ۹؍ اکتوبر کو اپنے گاؤں ضلع پاکپتن میں کرنٹ لگنے سے انتقال ہوا۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

● مدینہ منورہ میں ہمارے کرم فرما جناب عبدالمنان معاویہ کی والدہ شدید علیل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نہیں شفاء کاملہ عطا فرمائے (آمین) احباب سے دعائے صحت کی درخواست ہے



© rasailojaraid.com